ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (337)

مورخہ 15.06.24

**بہاول پور( )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں 10 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری کارروائیوں کو مزید تیز کیا جارہا ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق ڈی پی او اسد سرفراز خان کی طرف سے جرائم پیشہ افراد کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ صدر احمد پور شرقیہ، نوشہرہ جدید اور تھانہ صدر حاصل پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان حبیب احمد، بشیر احمد اور زاہد رشید کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 215 لیٹر شراب اور 02 عدد چالو بھٹیاں برآمد کر لیں۔ اسی طرح تھانہ دھوڑ کوٹ اور تھانہ صدر یزمان پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 03 ملزمان شاہد، نوید عباسی اور سلطان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 1080 گرام چرس اور 10 گرام کرسٹل آئس برآمد کر لی۔ جبکہ اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف گھیرا تنگ کرتے ہوئے تھانہ سمہ سٹہ پولیس نے 04 ملزمان حسان، حمزہ علی، شاکر اور عابد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ 02 عدد پسٹل 30 بور اور 02 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیے۔ پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ اس موقع پر ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اپنے پیغام میں کہا کہ جرم جیسا بھی ہو قانون سے کسی صورت بچ نہیں سکتا، سماج دشمن عناصر کے خلاف جاری آپریشن کو مزید تیز کیا جارہا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائے گا۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ جرائم پیشہ افراد کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری گزشتہ روز کی مختلف کارروائیوں میں متعدد ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں شراب، منشیات واسلحہ ناجائز برآمد